**AQF / Fazil**

**13-06-2025**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ................................ محمد عمار

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1 ہوائی جہازوں کے حادثات کی تحقیقات سے متعلق بیورو نے احمد آباد میں ایئر انڈیا کا طیارہ گرنے کے واقعے کی باضابطہ چھان بین شروع کر دی ہے۔

2- وزیر اعظم نریندر مودی کچھ ہی دیر میں احمد آباد پہنچ رہے ہیں۔

3- ایئر انڈیا نے ہوائی جہاز میں سوار 241 افراد کی موت ہونے کی تصدیق کی ہے۔

4- ٹاٹا گروپ ہر مرنے والے شخص کے کنبے کو ایک-ایک کروڑ روپے دے گا۔

5- قومی جانچ ایجنسی NIA نے ببّر خالصہ سے وابستہ گرینیڈ حملے کے کیس میں پنجاب اور ہریانہ میں 15 مقامات پر تلاش کی کارروائی کی ہے۔

6- وزارتِ خارجہ نے امریکہ میں لاس انجلس میں احتجاج کے تناظر میں بھارتی شہریوں پر زور دیا ہے کہ وہ سلامتی کی خاطر احتیاط برتیں۔

7- اسرائیل نے ایران کی راجدھانی تہران پر فضائی حملے کیے ہیں۔ پورے اسرائیل میں ایمرجنسی کا اعلان کر دیا گیا ہے۔

8- اور نشانے بازی میں، میونخ میں ISSF ورلڈ کپ میں Sift Kaur Samra نے کانسے کا تمغہ جیتا ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

**AIR INDIA CRASH**

ہوائی جہازوں کے حادثات کی تحقیقات سے متعلق بیورو نے احمد آباد میں، ایئر انڈیا کا طیارہ گرنے کے واقعے کی باضابطہ چھان بین شروع کر دی ہے۔ شہری ہوابازی کے وزیر رام موہن نائیڈو نے کہا ہے کہ بین الاقوامی شہری ہوابازی تنظیم کے طے کردہ بین الاقوامی ضابطوں کے مطابق یہ تحقیقات کی جائے گی۔ وزیر موصوف نے بتایا کہ سرکار اس معاملے کا تفصیل

سے جائزہ لینے کیلئے مختلف شعبوں کے ماہرین پر مشتمل اعلیٰ سطح کی ایک کمیٹی تشکیل دے رہی ہے۔ اس سے قبل ایئر انڈیا نے ہوائی جہاز میں سوار 241 افراد کی موت ہونے کی تصدیق کی۔ یہ طیارہ کل احمد آباد ہوائی اڈّے سے اُڑان بھرنے کے کچھ ہی دیر بعد گر کر تباہ ہو گیا تھا۔ بوئنگ 8-787 طیارے میں 242 مسافر اور عملے کے اہلکار سوار تھے۔

ایئر انڈیا کے مطابق اس میں 169 بھارتی شہری تھے، جبکہ برطانیہ کے 53، پرتگال کے 7 اور کناڈا کا ایک شہری اس میں سوار تھا۔ دیگر 12 افراد میں 2 پائلٹ اور عملے کے 10 اہلکار شامل تھے۔ مرنے والوں میں ایسے کئی لوگ بھی ہیں، جو زمین پر طیارہ گرنے کے بعد اس کی زد میں آ گئے۔ گجرات کے سابق وزیر اعلیٰ اور BJP کے لیڈر وجے روپانی بھی مرنے والوں میں شامل ہیں۔ وشواس کمار رمیش نام کا ایک مسافر اس حادثے میں زندہ بچ گیا۔ ہوائی جہاز کے پائلٹ نے دوپہر ایک بجکر 39 منٹ پر اُڑان بھرنے کے کچھ ہی دیر بعد مشکل میں گھِر جانے کا اشارہ دیا تھا۔

طیارہ بنانے والی کمپنی بوئنگ نے ایک بیان میں کہا ہے کہ وہ ایئر انڈیا کے ساتھ رابطہ قائم کیے ہوئے ہے اور ٹاٹا کی زیر ملکیت ایئر لائن کو کسی بھی طرح کی مدد فراہم کرنے کیلئے تیار ہے۔ ایئر انڈیا کا طیارہ گرنے کے واقعے کے بعد بوئنگ کے شیئرس میں 4 فیصد سے زیادہ کی گراوٹ آئی۔ یہ بوئنگ Dreamliner ایئر انڈیا کو 2014 میں فراہم کیا گیا تھا۔

اِدھر ٹاٹا گروپ کے چیئرمین این چندرشیکھرن نے اعلان کیا ہے کہ کمپنی اس حادثے میں اپنی جان گنوانے والے ہر شخص کے کنبے کو ایک-ایک کروڑ روپے فراہم کرے گی۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ ٹاٹا گروپ زخمی ہونے والوں کے علاج معالجے کا خرچ اٹھائے گا اور اس بات کو یقینی بنائے گا کہ اُنہیں پوری دیکھ بھال اور مدد ملتی رہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ ٹاٹا گروپ مدد کرنے کی اپنی کوششوں کے تحت BJ Medical College میں ایک نیا ہوسٹل تعمیر کرنے میں بھی مدد کرے گا۔

اِدھر مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ کل طیارہ گرنے کے واقعے کے چند گھنٹے بعد ہی احمد آباد گئے۔ نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے جناب امت شاہ نے کہا کہ اس افسوسناک واقعے سے پورا ملک صدمے میں ہے اور ملک کے سبھی عوام متاثرہ کنبوں کے ساتھ کھڑے ہیں۔ **S/B - Amit Shah Condolance**

جناب امت شاہ نے اس بات کی بھی تصدیق کی کہ حادثے کی وجوہات کا پتہ لگانے کے لیے اس واقعے کی باضابطہ تحقیقات پہلے ہی شروع کر دی گئی ہے۔ **S/B - Amit Shah Enquiry**

جناب امت شاہ احمد آباد سِول اسپتال کے ٹراما سینٹر بھی گئے، جہاں کئی زخمیوں کا علاج چل رہا ہے۔ انہوں نے طبّی انتظامات کا جائزہ لیا اور ایمرجنسی دیکھ بھال کی نگرانی کرنے والے ڈاکٹروں اور اہلکاروں سے بات کی۔ اب ہم اپنی نامہ نگار اَپرنا کھُنٹ سے اس واقعے کے بارے میں جانکاری حاصل کرنے کے لیے سیدھے بات کرتے ہیں۔

جی اپرنا ! بتایئے طیارہ گرنے کے واقعے کے بارے میں آپ کے پاس تازہ جانکاری کیا ہے؟

اپرنا ..................لائیو

شکریہ اپرنا، اس جانکاری کیلئے۔

**PM-GUJRAT**

وزیر اعظم نریندر مودی کچھ ہی دیر میں احمد آباد پہنچ رہے ہیں۔ وزیر اعظم نے طیارہ گرنے کے واقعے پر صدمے اور رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ احمد آباد میں اس سانحے سے ہمیں صدمہ پہنچا ہے اور بہت دُکھ ہوا ہے اور اسے الفاظ میں بیان نہیں کیا جا سکتا۔×

**WORLD LEADERS CONDOLENCES**

احمد آباد میں ہوائی جہاز گرنے کے واقعے میں متاثرہ افراد کیلئے دنیا بھر کے لیڈروں کی طرف سے تعزیت کے پیغامات موصول ہو رہے ہیں۔ اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل Antonio Guterres نے اس حادثے میں ہلاک ہونے والوں کے کنبوں سے تعزیت کا اظہار کیا ہے اور زخمیوں کی جلد صحتیابی کیلئے دعا کی ہے۔ امریکہ کے صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے اس حادثے کو ایک المناک سانحہ قرار دیا ہے اور مدد کی پیشکش کی ہے۔

برطانیہ کے وزیر اعظم Keir Starmer نے کہا ہے کہ اُنہیں بہت دُکھ ہوا ہے، خاص طور پر اس لیے کہ اس طیارے میں کئی برطانوی شہری بھی سوار تھے۔ اِدھر روس کے صدر ولادیمیر پتن نے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور وزیر اعظم نریندر مودی کو تعزیتی پیغام بھیجا ہے۔×

**BREAK**

یہ خبرنامہ آ کاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**NIA-SEARCHES**

قومی جانچ ایجنسی NIA نے امرتسر پولیس چوکی پر ہوئے گرینیڈ حملے کے سلسلے میں پنجاب اور ہریانہ میں دہشت گرد تنظیم ببّر خالصہ انٹرنیشنل BKI سے وابستہ مختلف مقامات پر تلاشی کی کارروائی انجام دی۔ ایک بیان میں NIA نے مطلع کیا ہے کہ کُل پنجاب کے امرتسر، ترن تارن، فیروزپور، پٹھانکوٹ، کپورتھلہ اور روپ نگر ضلعوں کے ساتھ ساتھ ہریانہ کے سرسا میں کُل 15 مقامات پر تلاشی کی کارروائی انجام دی گئی۔ تلاشی کے دوران موبائل فون، ڈیجیٹل آلات اور دیگر دستاویزات سمیت متعدد قابل اعتراض مواد ضبط کیا گیا۔ ببر خالصہ دہشت گرد تنظیم سے متعلق مزید سراغ پانے کیلئے اِن کی جانچ کی جارہی ہے۔

پولیس اسٹیشن چھاؤنی کے تحت واقع پولیس چوکی Gumtala پر گرینیڈ حملہ دو شمالی ریاستوں میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کو ببر خالصہ انٹرنیشنل کے کارندوں کی طرف سے نشانہ بناکر کئے جانے نے والے حملوں کا ایک حصہ تھا۔ ممنوعہ تنظیم ببر خالصہ انٹرنیشنل سے تعلق رکھنے والے بیرون ملک مقیم Happy Passian نے اس حملے کا دعویٰ کیا۔

NIA نے مزید کہا ہے کہ تحقیقات کے دوران اس بات کا انکشاف ہوا ہے کہ سروَن سنگھ کے ذریعہ حملہ آوروں، بگّا سنگھ اور مندیپ سنگھ کو، گرینیڈ کے علاوہ دہشت گردانہ حملے کیلئے مالی مدد فراہم کی گئی۔ بگّا سنگھ کو اس سال فروری میں پنجاب پولیس نے کیس کی ابتدائی تحقیقات کرتے ہوئے گرفتار کیا تھا، تاہم مندیپ سنگھ ابھی بھی مفرور ہے۔×

## BRIEFING LOS ANGELES

وزارتِ خارجہ نے امریکہ میں لاس انجلز میں، احتجاج کے تناظر میں بھارتی شہریوں پر زور دیا ہے کہ وہ سلامتی کی خاطر مناسب احتیاط برتیں۔ لاس انجلز کی صورتحال کے بارے میں ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے وزارتِ خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ بھارت بیرونِ ملک آباد بھارتی شہریوں کی سلامتی، حفاظت اور اُن کی بہبود کو بہت سنجیدگی سے لیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ لاس انجلز خطّے میں بڑی تعداد میں بھارت نژاد افراد آباد ہیں۔ جناب جیسوال نے مزید کہا کہ سان فرانسسکو میں بھارتی قونصل خانہ صورتحال پر قریبی نظر رکھے ہوئے ہے اور وہ بھارتی افراد سے رابطہ قائم کیے ہوئے ہے۔

## ISRAEL-IRAN

اسرائیل کی فضائی فوج نے کل رات ایران پر فضائی حملے کیے۔ ایران کی راجدھانی تہران میں دھماکوں کی آواز سنی گئی۔ اسرائیل کے وزیر دفاع نے کہا ہے کہ اُن کے ملک نے ایران کے ایٹمی اور فوجی ٹھکانوں کو نشانہ بنایا ہے۔ ایران کے سرکاری ٹیلی ویژن کے مطابق تہران میں واقع پاسدارانِ انقلاب کا ہیڈکوارٹرس اسرائیل کے حملوں کی زد میں آیا ہے۔ مقامی ذرائع ابلاغ نے بھی اس مقام پر آگ لگنے اور دھواں نکلنے کی اطلاع دی ہے۔ اسرائیل نے پورے ملک میں خصوصی ایمرجنسی حالات کا اعلان کر دیا ہے۔ اسرائیل میں آج اسکول بند رہیں گے۔

ایران پر یہ حملہ ایسے وقت ہوا ہے کہ جب ایران کے تیزی کے ساتھ آگے بڑھتے ہوئے ایٹمی پروگرام کے معاملے پر کشیدگی اور بڑھ گئی تھی۔ ایٹمی توانائی سے متعلق بین الاقوامی ایجنسی میں بورڈ آف گورنرس نے پچھلے 20 سال میں پہلی مرتبہ اُس کے معائنہ کاروں کے ساتھ مل کر کام نہ کرنے پر ایران کی سرزنش کی تھی۔ ایران نے اعلان کیا ہے کہ وہ ملک میں یورینیم کو افزودہ بنانے کا تیسرا مرکز قائم کرے گا۔ اسرائیل برسوں سے یہ تنبیہ کرتا رہا ہے کہ وہ ایران کو ایٹمی ہتھیار نہیں بنانے دے گا۔×

## IMD-WEATHER

بھارتی محکمہ موسمیات IMD نے اگلے تین روز کے دوران کرناٹک، کیرالہ، ماہے، تمل ناڈو، پدوچیری، کرائیکل، کونکن، گوا اور مہاراشٹر کے علاقوں میں شدید سے انتہائی شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات کے محکمے نے کہا ہے کہ مذکورہ ریاستوں

میں الگ الگ مقامات پر گرج چمک کے ساتھ 60 سے 70 کلومیٹر فی گھنٹے کی رفتار سے جھکڑدار ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔ IMD نے مزید کہا کہ اگلے دو سے تین روز کے دوران شمال مشرقی ریاستوں میں اوسط سے شدید بارش جاری رہ سکتی ہے۔ اسی دوران دلّی، پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ، راجستھان، اترپردیش اور ہماچل پردیش کے علاقوں میں سخت گرمی کے حالات رہیں گے۔ IMD نے شدید گرمی کے حالات کے پیش نظر پنجاب، ہریانہ اور راجستھان کیلئے ریڈ الرٹ، جبکہ دلّی کیلئے اورنج الرٹ جاری کیا ہے۔ IMD نے اگلے 24 گھنٹوں کے دوران دلّی، پنجاب، راجستھان اور ہریانہ کے علاقوں میں رات میں معمول سے زیادہ گرمی رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔×

**PUNJAB WEATHER**

پنجاب میں، پوری ریاست اور مرکز کے زیر انتظام علاقے چنڈی گڑھ میں شدید گرمی کے تناظر میں اگلے چند روز کے لیے ریڈ اور اورنج الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ البتہ 15 جون سے گرمی سے کچھ راحت ملنے کا امکان ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ V/C Rajesh Bali

*چنڈی گڑھ کے موسمیات محکمے نے کل اور آج کیلئے ریڈ الرٹ جاری کیا تھا۔ بھٹنڈہ میں پارہ 46 اعشاریہ 8 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا، جو ریاست میں سب سے گرم مقام رہا، جبکہ لدھیانہ میں یہ 45 ڈگری سیلسیس رہا۔ فاضلکا، فریدکوٹ، فیروزپور میں ٹمپریچر 44 ڈگری سیلسیس سے اوپر ریکارڈ کیا گیا، جبکہ بقیہ مقامات پر یہ 39 سے لے کر 43 ڈگری سیلسیس رہا۔ چنڈی گڑھ میں پارہ 41 اعشاریہ 7 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔ اِدھر اتوار کے روز سے کچھ راحت ملنے کا امکان ہے، کیونکہ تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش کی پیشگوئی کی گئی ہے۔*

*جالندھر سے راجیش بالی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں............*

**KARNATKA-HEAVY RAIN**

کرناٹک کے متعدد علاقوں میں لگاتار شدید بارش ہورہی ہے۔ ساحلی علاقوں، شمال میں بیلگاوی، دھارواڑ، گڈگ اور ہاویری، جنوب میں چک مگلور، کوڈاگو، شیوموگا اور ڈاوَن گرے کے علاقوں میں ہواؤں کے ساتھ شدید بارش ہوئی ہے۔ موسمیات کے محکمے نے مذکورہ ضلعوں میں 18 جون تک ریڈ اور اورنج الرٹ جاری کیا ہے۔

ریاست کے مختلف علاقوں میں ہونے والی شدید بارش سے معمول کی زندگی بری طرح متاثر ہے۔ دھارواڑ میں Benne Halla اور Thuppari Halla نہریں شدید بارش کے سبب خطرے کے نشان سے اوپر بہہ رہی ہیں۔ دھارواڑ اور Hubballi شہروں میں کل شدید بارش ہوئی، جس کے سبب معمول کی زندگی متاثر ہوئی۔ ریاست کے مختلف ضلعوں میں

آنگن واڑی مراکز اور اسکول بند ہیں۔ چِک مگلور ضلع میں بارش کے سبب سڑکوں اور بجلی کے کھمبوں کو نقصان پہنچا ہے۔×

**ISSF-WORLD CUP**

بھارتی نشانے باز صِفت کور سَمرا نے کل جرمنی کے میونخ میں ISSF عالمی کپ-2025 میں خواتین کے 50 میٹر رائفل تھری پوزیشن مقابلے میں کانسے کا تمغہ حاصل کیا۔ 23 سالہ صِفت کور سمرا نے فائنل میں 453 اعشاریہ ایک اسکور کے ساتھ تیسرا مقام حاصل کیا۔ ناروے کی Jeanette Hegg Duestad نے 466 اعشاریہ نو کے اسکور کے ساتھ سونے کا تمغہ، جبکہ سوئٹزرلینڈ کی Emely Jaeggi نے 464 اعشاریہ آٹھ کے اسکور کے ساتھ چاندی کا تمغہ حاصل کیا۔ میونخ عالمی کپ میں بھارت کا یہ دوسرا تمغہ تھا۔ ×

**CRICKET-WTC FAINAL**

ICC عالمی ٹیسٹ چمپئن شپ کے فائنل میں کل دوسرے دن کا کھیل ختم ہونے تک آسٹریلیا نے اپنی دوسری اننگز میں 8 وکٹ کے نقصان پر 144 رن بنالئے تھے۔ اس طرح اُسے جنوبی افریقہ پر 218 رن کی سبقت حاصل ہوگئی ہے۔ اسٹارک اور Nathan Lyon کریز پر ہیں۔ پہلی اننگز میں 212 رن کے اسکور پر آؤٹ ہوجانے کے بعد آسٹریلیا نے شاندار گیند بازی کرتے ہوئے کھیل میں مضبوط واپسی کی اور اُس نے پہلی اننگز کی بنیاد پر 74 رن کی اہم سبقت حاصل کرلی۔اس سے قبل، جنوبی افریقہ کی پوری ٹیم اپنی پہلی اننگز میں 138 رن پر آؤٹ ہوگئی۔ آسٹریلیا کے کپتان Pat Cummins نے 6 وکٹ حاصل کئے۔

آکاشوانی سے اس میچ کا آنکھوں دیکھا حال ہندی اور انگریزی میں باری باری سے نشر ہو رہا ہے۔ اِسے دوپہر دو بجکر 55 منٹ سے رات دس بجے تک یا میچ کے آخر تک اِندر پرستھ اور دوسرے چینلوں پر بھی سنا جاسکتا ہے۔x

**HOCKEY-FIH PRO LEAGUE**

FIH ہاکی پرو لیگ میں کل شام نیدرلینڈس کے Amstelveen میں واقع Wagener ہاکی اسٹیڈیم میں بھارت کو ارجنٹینا سے ایک کے مقابلے دو گول سے شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ بھارت اب پوائنٹس ٹیبل میں 12 میچوں میں 15 پوائنٹس کے ساتھ پانچویں مقام پر ہے۔ بھارت کا اگلا میچ 14 جون کو آسٹریلیا سے ہوگا۔ میچ سے قبل دونوں ٹیموں نے احمدآباد میں ایئرانڈیا کے المناک طیارہ حادثے کے مہلوکین کے احترام میں ایک منٹ کی خاموشی اختیار کی۔x

**GYAN POST**

محکمہ ڈاک نے تعلیمی، ثقافتی، سماجی اور مذہبی کتابوں کو کفایتی طریقے سے بھیجنے کیلئے ایک مخصوص ڈاک سروس Gyan Post کو متعارف کرایا ہے۔ یہ اقدام نئی تعلیمی پالیسی کے مقاصد سے پوری طرح ہم آہنگ ہے۔ اس کا مقصد دور دراز اور دیہی علاقوں سمیت ملک بھر میں طباعت شدہ تعلیمی مواد کو زیادہ قابل رسائی اور کفایتی بنا کر تعلیمی خلاء کو پُر کرنا ہے۔ Gyan Post کی سروس تمام ڈاکخانوں کے ذریعہ فراہم کرائی جائے گی۔ 300 گرام کے پیکٹ کیلئے کم سے کم 20 روپے، جبکہ 5 کلوگرام کے پیکٹ کیلئے زیادہ سے زیادہ 100 روپے وصول کئے جائیں گے، البتہ اس میں ٹیکس شامل نہیں ہے۔ شفافیت اور بھروسے کو یقینی بنانے کیلئے ٹریکنگ کی سہولت بھی دستیاب رہے گی۔

مزید تفصیلات کیلئے صارفین اپنے قریبی ڈاکخانوں سے رابطہ کرسکتے ہیں۔ اسی طرح وہ بھارتی ڈاک کی سرکاری ویب سائٹ : www.indiapost.gov.in پر بھی دیکھ سکتے ہیں۔×

**RUSSIA-UKRAINE WAR**

یوکرین اور روس نے کُل قیدیوں کے تبادلے کا دوسرا مرحلہ مکمل کرلیا ہے، جس میں سنگین طور پر بیمار اور زخمی فوجی شامل ہیں۔ یوکرین کے صدر ولودومیر زیلنسکی نے اعلان کیا ہے کہ یوکرین کی مسلح افواج، نیشنل گارڈ اور بارڈر گارڈ سے تعلق رکھنے والے فوجی اہلکار رہا ہونے والے افراد میں شامل ہیں۔ اسی طرح روس کی وزارت دفاع نے کہا ہے کہ روسی فوجیوں کا ایک گروپ یوکرین کی حراست سے واپس آ گیا ہے۔ انہیں بیلاروس میں طبی اور نفسیاتی نگہداشت مہیا کرائی جارہی ہے۔ اِستنبول میں ہوئے معاہدے کے بعد 9 جون کو قیدیوں کے پہلے تبادلے کے بعد یہ دوسرا تبادلہ ہے۔ دونوں فریقوں نے 25 سال سے کم عمر کے سنگین طور پر زخمی فوجیوں کا تبادلہ کرنے پر رضامندی ظاہر کی تھی۔×

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... مجیب اختر

شکریہ ۔ محمد عمار

راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے سبھی اخباروں نے احمد آباد میں ایئر انڈیا کا طیارہ گر کر تباہ ہونے کی خبر کو جلی سرخی کے ساتھ شائع کیا۔ خبروں کے مطابق اس دردناک حادثے میں بیشتر مسافروں کی موت ہو گئی۔ متعدد زخمی ہوئے ہیں۔ سرکردہ ملکی و غیر ملکی رہنماؤں نے گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ بھارت کے نوجوانوں کی مدد سے ہم اختراعات اور

ٹیکنالوجی کے استعمال میں قابلِ ذکر ترقی کر رہے ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے اپنے آفیشیل ایکس ہینڈل پر ایک پوسٹ میں اس بات کا ذکر کیا۔ اس خبر کو روزنامہ راشٹریہ سہارا نے خصوصی طور پر شائع کیا ہے۔

روزنامہ پرتاپ اور راشٹریہ سہارا نے 11 ویں برکس پارلیمانی کانفرنس میں پہلگام دہشت گردانہ حملے کی متفقہ طور پر مذمت کیے جانے کی خبر کو اہمیت دی ہے۔ اخبارات نے راجیہ سبھا کے نائب چیئرمین ہری ونش کے حوالے سے یہ بات کہی ہے۔ روزنامہ انقلاب اور ہندوستان ایکسپریس نے بھارتی حجاج کرام کے پہلے قافلے کی وطن واپسی اور دلّی ہوائی اڈّے پر ان کے والہانہ استقبال کی خبر پر توجہ مرکوز کی ہے۔ جبکہ روزنامہ ملاپ سمیت کئی اخباروں نے دلّی سمیت پورے شمالی بھارت میں شدید گرمی اور لُو کے سبب ریڈ الرٹ جاری کیے جانے کی خبر کو اُجاگر کیا ہے۔×

<u>آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر</u>

1- ہوائی جہازوں کے حادثات کی تحقیقات سے متعلق بیورو نے احمد آباد میں ایئر انڈیا کا طیارہ گرنے کے واقعے کی باضابطہ چھان بین شروع کر دی ہے۔

2- وزیر اعظم نریندر مودی کچھ ہی دیر میں احمد آباد پہنچ رہے ہیں۔

3- ایئر انڈیا نے ہوائی جہاز میں سوار 241 افراد کی موت ہونے کی تصدیق کی ہے۔

4- ٹاٹا گروپ ہر مرنے والے شخص کے کنبے کو ایک-ایک کروڑ روپے دے گا۔

5- قومی جانچ ایجنسی NIA نے ببّر خالصہ سے وابستہ گرینیڈ حملے کے کیس میں پنجاب اور ہریانہ میں 15 مقامات پر تلاش کی کارروائی کی ہے۔

6- وزارتِ خارجہ نے امریکہ میں لاس اینجلس میں احتجاج کے تناظر میں بھارتی شہریوں پر زور دیا ہے کہ وہ سلامتی کی خاطر احتیاط برتیں۔

7- اسرائیل نے ایران کی راجدھانی تہران پر فضائی حملے کیے ہیں۔ پورے اسرائیل میں ایمرجنسی کا اعلان کر دیا گیا ہے۔

8- اور نشانے بازی میں، میونخ میں ISSF ورلڈ کپ میں Sift Kaur Samra نے کانسے کا تمغہ جیتا ہے۔

<u>اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔</u>

---------------------------------------